AQF / Fazil

18-04-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ................................ ارجمند علی خان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 مرکز نے، سپریم کورٹ کو اگلی سماعت ہونے تک Waqf by User کو ہٹانے سمیت وقف ایکٹ کی کلیدی دفعات کو عارضی طور پر معطل رکھنے کا یقین دلایا ہے۔

2- کلکتہ ہائی کورٹ نے، مرشدآباد کے تشدد سے متاثرہ علاقوں میں، بے گھر ہونے والے افراد کی بازآبادکاری کے لیے 3 ارکان پر مشتمل ایک پینل تشکیل دیا ہے۔

3- مہاراشٹر سرکار نے، 2020 کی قومی تعلیمی پالیسی کو نافذ کرتے ہوئے پرائمری تعلیم میں، ہندی کو تیسری لازمی زبان بنانے کا اعلان کیا ہے۔

4- پنجاب میں، 14 حملوں میں ملوث جرائم پیشہ گروہ کے مجرم Happy Passia کو امریکہ میں حراست میں لیا گیا ہے، جس کی قومی جانچ ایجنسی NIA کو تلاش تھی۔

5- آج دنیا بھر میں، وراثت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، وانکھیڑے اسٹیڈیم میں، ممبئی انڈینس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 4 وکٹ سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

SC-WAQF

سپریم کورٹ نے، مرکزی سرکار کی اس یقین دہانی کو قلمبند کیا ہے کہ اگلی سماعت ہونے تک وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے تحت وقف بورڈز یا مرکزی وقف کونسل میں کوئی نیا تقرر نہیں کیا جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C - Nargis

*چیف جسٹس سنجیو کھنہ کی سربراہی والی ایک بینچ نے، جس میں جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے-وی وِشواناتھن بھی شامل تھے، سالیسٹر جنرل تُشار مہتا کی اس یقین دہانی کا بھی نوٹس لیا ہے کہ **Waqf***

*by User کے زمرے میں آنے والی املاک سمیت موجودہ وقف املاک کی حیثیت میں سرِ دست کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ عدالت نے مرکزی سرکار کو ہدایت دی ہے کہ وہ اُن درخواستوں کے سلسلے میں 7 دن کے اندر اندر اپنا جواب پیش کرے، جن میں وقف ایکٹ 1995 میں حالیہ ترامیم کے آئینی جواز کو چیلنج کیا گیا ہے اور اس پر حکم التوا دینے کی اپیل کی گئی ہے۔ بڑی تعداد میں درخواستوں کے مدِنظر عدالت کی بنچ نے درخواست گزاروں سے کہا ہے کہ وہ ایسے پانچ کیسوں کی نشاندہی کریں، جن کی سماعت کی جانی ہے۔ اب اس معاملے کی سماعت 5 مئی کو ہوگی۔ عدالت نے مختلف اپیلوں اور تحریری دلائل کو مربوط کرنے کے لیے ایک Nodal وکیل مقرر کیے جانے کا حکم بھی دیا ہے۔*

*خبرنامے کے لیے دلّی سے میں..........*

## KOLKATA-HC-3 MEMBER PANEL

کلکتہ ہائی کورٹ نے، 3 ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دیے جانے کی ہدایت دی ہے، جو تشدد کے واقعات کے بعد بے گھر ہونے والے افراد کی نشاندہی اور اُن کی بازآبادکاری کا جائزہ لے گی۔ یہ واقعات مرشدآباد ضلع میں وقف ایکٹ کے معاملے پر احتجاج کے دوران پیش آئے تھے۔ عدالت نے کہا ہے کہ یہ کمیٹی قومی انسانی حقوق کمیشن کے ایک نمائندے، ریاستی انسانی حقوق کمیشن کے ایک ممبر اور قانونی خدمات سے متعلق ریاستی اتھارٹی کے ممبر سکریٹری پر مشتمل ہوگی۔ اس کمیٹی کو 15 مئی تک اپنی رپورٹ پیش کرنا ہوگی۔ جسٹس Soumen Sen اور جسٹس راجہ بَسو چودھری پر مشتمل ایک ڈویژن بنچ نے مزید کہا کہ مرکزی مسلح پولیس فورس 12 اپریل کے پہلے کے حکم کے مطابق مرشدآباد کے متاثرہ علاقوں میں بدستور رہے گی۔

خواتین سے متعلق قومی کمیشن کی چیئرپرسن Vijaya Rahatkar مرشدآباد میں تشدد کے واقعات کی انکوائری کی سربراہی کے لیے کل شام کولکاتہ پہنچی ہیں۔ وقف ترمیمی ایکٹ کے خلاف احتجاج کے تناظر میں یہ واقعات پیش آئے تھے۔ محترمہ Rahatkar اگلے تین دن میں مالدہ اور مرشدآباد سمیت متاثرہ علاقوں کا دورہ کریں گی۔ خواتین سے متعلق قومی کمیشن نے یہ جانچ کمیٹی تشکیل دی ہے۔×

## MAHA-HINDI 3rd LANGUAGE

مہاراشٹر حکومت نے اعلان کیا ہے کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 سے مطابقت رکھتے ہوئے مراٹھی اور اِنگلش میڈیم اسکولوں میں پہلی سے پانچویں کلاس تک ہندی لازمی تیسری زبان ہوگی۔ اس وقت اِن اسکولوں میں پہلی سے چوتھی کلاس تک صرف مراٹھی اور انگریزی لازمی ہیں۔ مہاراشٹر کے ریاستی اسکولی تعلیم کے محکمے نے ایک سرکاری حکمنامہ جاری کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ قومی تعلیمی پالیسی 2020 کی سفارشات پر مبنی نئے نصاب کو مرحلے وار طریقے سے نافذ کیا جائے گا۔ اس حکمنامے کے

مطابق آئندہ تعلیمی برس سے پہلی سے پانچویں کلاس تک ہندی تیسری لازمی زبان ہوگی۔×

**PM-BOOK LAUNCH**

وزیراعظم نریندر مودی کے ثقافت سے متعلق نظریات اور تقاریر پر مبنی کتاب سنسکرتی کا پانچواں اَدھیائے کا آج نئی دلّی میں اِجراء کیا جائے گا۔ یہ کتاب بھارتی ثقافت، روایات، روحانی اقدار اور ثقافتی ورثے کو اُجاگر کرتے ہوئے مختلف موقعوں پر وزیراعظم مودی کی تقاریر کا ایک مرتب مجموعہ ہے۔×

**PASSIA DETAINED**

امریکہ میں امیگریشن اور کسٹمز انفورسمنٹ نے جرائم پیشہ گروہ کے مجرم ہرپریت سنگھ عرف Happy Passia کو حراست میں لیا ہے۔ اُس نے مبینہ طور پر پنجاب میں 11 دہشت گردانہ حملوں کی سازش رچی تھی۔ بھارت کی قومی جانچ ایجنسی NIA کو بھی اُس کی تلاش تھی۔ اس سے پہلے اس سال NIA نے پنجاب میں چنڈی گڑھ میں ایک مکان اور تھانوں پر گرینیڈ حملوں میں اُس کے مبینہ طور پر ملوث ہونے کی بنا پر Passia پر 5 لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا تھا۔

وہ پاکستان سے اپنی سرگرمیاں چلانے والے جرائم پیشہ گروہ کے دہشت گرد ہروِندر سنگھ سَندھو عرف Rinda کا قریبی ساتھی ہے۔ Passia پاکستان کی خفیہ ایجنسی ISI، رِنڈا اور ممنوعہ دہشت گرد گروپ ببّر خالصہ انٹرنیشنل کے ساتھ ساز باز کر کے پنجاب میں کئی دہشت گردانہ سرگرمیوں میں ملوث رہا ہے۔×

**TRUMP-ITALIAN PM TARIFFS**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور دورے پر آئی ہوئیں اِٹلی کی وزیراعظم جارجیا میلونی نے امریکہ اور یورپ کے درمیان امکانی تجارتی معاہدے سے متعلق پُرامیدی کا اظہار کیا ہے۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایک تجارتی معاہدہ ہوگا اور یہ غیر جانبدارانہ ہوگا۔ وزیراعظم میلونی نے مغرب کو دوبارہ عظیم بنانے کے اپنے مقصد پر زور دیتے ہوئے کہا کہ انہیں اعتماد تھا کہ معاہدہ طے پائے گا۔ صدر ٹرمپ کی جانب سے یوروپی یونین سے درآمدات پر 20 فیصد محصولات نافذ کئے جانے اور پھر اُسے روک دینے کے بعد سے اِٹلی کی وزیراعظم واشنگٹن کا دورہ کرنے والی پہلی یوروپی لیڈر ہیں۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

## WORLD HERITAGE DAY

آج دنیا بھر میں وراثت کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اِسے تاریخی عمارتوں اور مقامات کے بین الاقوامی دن کے طور پر بھی جانا جاتا ہے۔ اِس سال کا اس دن کا موضوع ہے : قدرتی آفات اور تنازعات سے وراثت کو خطرہ۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ ثقافتی اور قدرتی ورثے کو اعزاز بخشنے اور اس کے تحفظ کی خاطر ہر برس 18 اپریل کو یہ دن منایا جاتا ہے۔

ایک رپورٹ۔ V-C Akshit

*گزشتہ برسوں میں بھارت نے عالمی میراث کی فہرست میں اپنی موجودگی میں اضافہ کیا ہے۔ عالمی میراث کی فہرست میں اب 43 بھارتی مقامات ہیں اور مزید 62 یونیسکو کی امکانی فہرست میں ہیں۔ 1983 میں آگرہ کے قلعہ کو فہرست میں شامل کئے جانے کے ساتھ اس سفر کا آغاز ہوا تھا، جس کے بعد تاج محل اور اَجنتا اور ایلورا کی گپھاؤں کو شامل کیا گیا ہے۔ ان مقامات کا نہ صرف تاریخی علامات کے طور پر تحفظ کیا جاتا ہے بلکہ یہ آئندہ نسلوں کیلئے معلومات حاصل کرنے کے مقامات بھی ہیں۔*

*دِلّی سے* **Akshit Vedyan** *کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

وراثت کے عالمی دن کے موقع پر بھارتی آثار قدیمہ محکمہ نے ملک بھر کے ASI کے تحت آنے والی سبھی تاریخی عمارتوں میں مفت داخلے کا اعلان کیا ہے۔ ASI کے اس اقدام کا مقصد ملک کے مالا مال ثقافتی ورثے کو جاننے کیلئے لوگوں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔×

## PUNJAB PARKASH PURB

آج سکھوں کے نویں گرو، گرو تیغ بہادر صاحب جی کا پرکاش Purb ہے۔ وہ 1621 میں امرتسر میں پیدا ہوئے تھے اور چھٹے سِکھ گرو، سری گرو ہرگوبند صاحب جی کے سب سے چھوٹے بیٹے تھے۔ گرو تیغ بہادر جی کو ایک اصول پسند اور نِڈر مجاہد کے طور پر جانا جاتا ہے۔ وہ ایک اعلیٰ روحانی اسکالر اور شاعر بھی تھے۔ اس موقع پر پنجاب میں مختلف مقامات پر نگر کیرتن کا اہتمام کیا گیا ہے۔ بڑی تعداد میں عقیدتمند ارداس اور پوِتر Gurbani کا پاٹھ سننے کے لیے گرودواروں میں جا رہے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C - Rajesh Bali

*ہند دی چادر - سری گرو تیغ بہادر۔ اُنہیں اپنی دلیری اور اورنگ زیب کے دورِ حکومت میں ہندوؤں کی مذہبی آزادی کا تحفظ کرنے میں قربانی کیلئے 'ہند دی چادر' کہا جاتا ہے۔* **Sachkhand Sri Harmandir Sahib** *کے بڑے گرنتھی، گیانی* **Raghbir Singh** *نے پرکاش پُرب پر سبھی*

لوگوں کو مبارکباد دی ہے اور سری گرو تیغ بہادر جی کے دکھائے گئے راستے پر عمل کرنے کی اپیل کی ہے۔ آج گرو جی کی جائے پیدائش، گرودوارہ Guru ke Mahal میں سری اکھنڈ پاٹھ صاحب کا اہتمام کیا گیا ہے۔ اس موقع پر سری ہرمندر صاحب، سری اکال تخت صاحب اور گرودوارہ بابا اٹل رائے صاحب میں گرو صاحبان سے وابستہ انمول جواہرات اور دیگر اشیاء صبح 9 بجے سے دن میں 12 بجے تک نمائش کے لیے رکھی جائیں گی، تاکہ عقیدتمند اُن کی ایک جھلک پا سکیں۔

جالندھر سے راجیش بالی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

## GOOD FRIDAY-NAGALAND

دنیا بھر میں عیسائی برادری آج گڈ فرائڈے منارہی ہے، جو عیسائی کلینڈر میں سب سے مقدس دنوں میں سے ایک ہے۔ عیسائی عقیدے کے مطابق عیسیٰ مسیح کو مصلوب کئے جانے کی یاد میں منایا جانے والا گڈ فرائڈے سوگ منانے کے ساتھ ساتھ روحانی احساس کا دن ہے۔ ناگالینڈ میں عیسائی برادری کی ایک بڑی تعداد آباد ہے، جو مذہبی عقیدے کے ساتھ گڈ فرائڈے منارہی ہے۔ ناگالینڈ میں گرجاگھروں میں خصوصی دعائیہ مجالس کا اہتمام کیا جارہا ہے اور عقیدت مند اس موقع پر برت رکھتے ہیں۔×

## GOYAL-DBT

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ فائدے کی براہ راست منتقلی کے نظام کو نافذ کرنے سے یکسر تبدیلی والے نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ بھارت کے DBT نظام کے جائزے سے متعلق ایک پالیسی دستاویز کا حوالہ دیتے ہوئے جناب گوئل نے مطلع کیا کہ DBT کے ذریعہ شفاف اور ٹیکنالوجی پر مبنی اصلاحات کے سبب بھارت فلاح وبہبود سے متعلق اشاریے میں 2013 میں صفر اعشاریہ تین دو سے 2023 میں صفر اعشاریہ نو ایک پر آ گیا ہے۔ اس اشاریئے کے ذریعہ وقفے وقفے پر فلاح وبہبود کے نتائج کا جائزہ لیا جاتا ہے۔×

## IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج راجستھان میں شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آئندہ دو سے تین دن میں مدھیہ مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ میں گرمی اور حبس کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ملک کے مختلف حصوں میں بارش اور گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے جموں وکشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد اور ہماچل پردیش میں شدید بارش اور برفباری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

اس کے علاوہ بہار، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، اترپردیش اور جھارکھنڈ میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں کل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں، ممبئی انڈینس نے سنرائزرس حیدرآباد کو 4 وکٹ سے ہرادیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سنرائزرس حیدرآباد نے مقررہ 20 اوورس میں پانچ وکٹ پر 162 رن بنائے، جس میں ابھیشیک شرما نے سب سے زیادہ 40 رن اسکور کئے۔ ممبئی انڈینس کیلئے Will Jacks نے دو وکٹ حاصل کئے۔

جواب میں ممبئی انڈینس نے جیت کا نشانہ 18 اوورس اور ایک گیند میں 6 وکٹ کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ Will Jacks نے 36 رن بنائے، انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ آج بینگلورو کے ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں رائل چیلنجرس بینگلور کا مقابلہ پنجاب کنگس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

**ASIAN YOUTH ATHLETICS**

ایتھلیٹکس میں سعودی عرب کے دمام میں بھارت کی Shourya Ambure نے لڑکیوں کی 18 سال سے کم عمر کی ایشیائی یوتھ چمپئن شپ کی 100 میٹر Hurdles دوڑ میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ 15 سالہ شوریہ نے 13 اعشاریہ آٹھ صفر سیکنڈ میں اپنی دوڑ مکمل کی۔ چین کی Bao Yinyin نے 13 اعشاریہ سات ایک سیکنڈ میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... نتیکا تیاگی

شکریہ - ارجمندعلی خان

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وقف ترمیمی قانون سے متعلق سپریم کورٹ میں جاری سماعت کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے کہ وقف بورڈ میں نئی تقرریوں پر روک، 5 اہم اعتراضات پر ہوگی سماعت۔ اخبار ملاپ کی ایک سرخی ہے: بھارت نے اپریشن 'برہما' کے تحت تازہ امدادی کھیپ میانما کے حوالے کی۔ تقریباً سبھی اخبارات نے مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے بیان - 31 مارچ 2026 تک نکسلیوں کے خاتمے میں CRPF اہم رول ادا کرے گی، کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔

اخبار پرتاپ اور دیگر اخباروں نے ممبئی-احمدآباد بلٹ ٹرین پروجیکٹ سے متعلق خبر کو اہمیت دی ہے۔ اخبار ملاپ کی ایک نمایاں سرخی ہے: شیوراج سنگھ نے برازیل میں نئی زراعت ٹیکنالوجی کا معائنہ کیا۔ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے مغربی بنگال میں 26 ہزار اساتذہ کی ملازمت کی برطرفی کے معاملے میں سپریم کورٹ کی بڑی راحت، عدالت عظمیٰ نے کہا کہ اہل استاد 31 دسمبر 2025 تک اسکول جاسکتے ہیں۔

اخبارات کی کچھ اہم خبریں اس طرح ہیں:

☆ نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ نے ایتھلیٹ پاسپورٹ یونٹ کا افتتاح کیا۔

☆ ایرانی خام تیل خریدنے پر امریکہ نے چینی ریفائنری پر پابندیاں عائد کیں۔

☆ لیبیا کے ساحل پر ایک اور کشتی اُلٹنے کے واقعہ میں چار پاکستانی ہلاک۔

☆ اور : سعودی وزیر دفاع تہران پہنچے۔×

<u>آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر</u>

1 مرکز نے، سپریم کورٹ کو اگلی سماعت ہونے تک Waqf by User کو ہٹانے سمیت وقف ایکٹ کی کلیدی دفعات کو عارضی طور پر معطل رکھنے کا یقین دلایا ہے۔

-2 کلکتہ ہائی کورٹ نے، مرشدآباد کے تشدد سے متاثرہ علاقوں میں، بے گھر ہونے والے افراد کی بازآبادکاری کے لیے 3 ارکان پر مشتمل ایک پینل تشکیل دیا ہے۔

-3 مہاراشٹر سرکار نے، 2020 کی قومی تعلیمی پالیسی کو نافذ کرتے ہوئے پرائمری تعلیم میں، ہندی کو تیسری لازمی زبان بنانے کا اعلان کیا ہے۔

-4 پنجاب میں، 14 حملوں میں ملوث جرائم پیشہ گروہ کے مجرم Happy Passia کو امریکہ میں حراست میں لیا گیا ہے، جس کی قومی جانچ ایجنسی NIA کو تلاش تھی۔

-5 آج دنیا بھر میں، وراثت کا عالمی دن منایا جا رہا ہے۔

-6 اور IPL کرکٹ میں، وانکھیڑے اسٹیڈیم میں، ممبئی انڈینس نے سن رائزرس حیدرآباد کو 4 وکٹ سے ہرا دیا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------